نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے حالیہ گرمی کی لہر کے پیشِ نظر پھلوں اور سبزیات کے تحفظ کیلئے ایڈوائزری جاری کردی

لاہور:03 جون 2026: ایڈوائزری میں کاشتکاروں کو کہا گیا ہے کہ گرمیوں کی فصلات میں آج کل آم، ترشاوہ پھل، ٹماٹر، مرچ اور ٹینڈے وغیرہ زیرکاشت ہیں۔متوقع گرمی کی شدید لہر سے فصلات کے بچاؤ کے لیے موسمی پیشین گوئی مدنظر رکھیں اور شدید گرمی سے پہلے فصل کو مناسب پانی لگائیں۔تاہم اگر زمین میں پہلے ہی تر وتر ہو تو پانی نہ لگائیں۔فصلات میں پودوں کے نیچے ملچنگ کریں جس سے پانی کی بچت ہوتی ہے اور زمینی درجہ حرارت بھی بڑھنے نہیں پاتا۔اگر کہیں ممکن ہو تو فصلات چھوٹے پودوں کو سایہ مہیا کریں جس کے لیے سبز جالی دار کپڑا وغیرہ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔شدید گرمی کے دوران پودوں کی منتقلی روک دیں اور پھلدار پودوں کی کانٹ چھانٹ وغیرہ کرنے سے اجتناب کریں۔نامیاتی مادہ کمپوسٹ گوبر کی کھاد کی جہاں ممکن ہو وہاں 3 تا 4 انچ مٹی ہٹا کر تہہ بچھائیں اور پانی لگائیں۔اس سے پودے کی استعداد کار برخلاف گرمی و بیماری بڑھ جاتی ہے۔اگر ممکن ہو تو جنتر یا ڈھانچہ سبزیات کے کھیت میں قطاروں میں اُگائیں تاکہ گرمی کا اثر کم ہو۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆